# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

## جامعہ ملیہ اسلامیہ

### پریس ریلیز

**جامعہ ملیہ اسلامیہ کے آرکی ٹیکچر ڈپارٹمنٹ نے سماجی لحاظ سے ذمہ دار ڈیزائن ایجوکیشن مرکز کے طور پر ابھرنے کے لیے اراکوس کلبس ،ایتھوس فاؤنڈیشن کے ساتھ مفاہمت نامے پر دستخط کیا**

New Delhi, August 5, 2025

شعبہ آرکی ٹیکچر ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اراکوس رسپانسبل ڈیزائن مومنٹ کی فلیگ شپ مہم کے تحت اراکوس کلبس کے ساتھ ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیا ہے۔ پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور ار، گیتا بالا کرشنن ایتھوس اینڈ اراکاؤس کے بنیاد گزار ٹرسٹی نے فریقین کی نمائندگی کرتے ہوئے یونیورسٹی کے یاسر عرفات ہال میں مفاہمت نامے پر دستخط کیے۔مفاہمت نامے کی دستخط کی تقریب میں فیکلٹی آف آرکی ٹیکچر کے ڈین پروفیسر قمر ارشاد،شعبہ آرکی ٹیکچر کی صدر پروفیسر طیبہ منور ،طلبہ کے نمائندے اور ایتھوس کی ٹیم موجود تھی۔

اس اہم اشتراک سے شعبہ آرکی ٹیکچر اراکوس کلبس کے ملک گیر سطح کے نیٹ ورک میں پیش پیش ہوگا اور فطری وقدرتی لحاظ سے سماجی طور پر آگاہ، مستقبل کو نگاہ میں رکھتے ہوئے ڈیزائن تیار کرنے کے عہد کی توثیق مزید کرے گا۔اراکوس کلبس طلبہ کی قیادت والا کیمپس پر مبنی ایک اجتماعی کام ہے جو' آرکی ٹیکٹ فار اے کاز' مہم کے تحت سرگرم عمل ہے۔ڈیزائن کی تعلیم میں گیپ کو دور کرنے کے لیے یہ ایک سرگرم پلیٹ فارم کے طور پر کام کرتے ہیں اور سماجی ، ماحولیاتی اور کمیونی ٹی چیلنجیز سے نبرآزما ہونے کے لیے طلبہ کو با اختیار بناتے ہیں تاکہ وہ ڈیزائن پر غور وفکر سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہوسکیں۔

اس اشتراک کے نتیجے میں شعبہ آرکی ٹیکچر کے طلبہ کو درج ذیل فائدے ہوں گے؛ مثلاً صلاحیت سازی اور نئی نئی باتیں سیکھنے کا موقع ( ورکشاپ، مذاکراتی اجلاس اور صنعت کے ماہرین، برسرعمل افراد اور سماجی جدت پسندوں کی کی رہنمائی وسرپرستی حاصل ہوگی )؛قومی مہموں میں شرکت ( انٹر کولجیئیٹ پہل میں شرکت جو ڈیزائن کو بیداری اور کاروائی کے لیے بطور عامل غیر مبدل کام کرے )اور اراکوس کے وسائل ( ہاؤسنگ، وراثت، ماحول اور کمیونی ٹی ڈولپمنٹ پر مرکوز ٹول کٹس، پبلی کیشنز اور تحقیقی مواد ) تک رسائی وغیرہ۔

طلبہ میں قائدانہ صلاحیتوں کی نشو ونما کے لیے( ہمدردی پر مبنی ڈیزائن کے ساتھ مقامی اور عالمی چیلنجیز سے نمٹنے والے

سرکردہ اور کو کریئٹنگ پروجیکٹس میں ) انھیں مواقع بھی فراہم کیے جائیں گے۔علاوہ ازیں شراکت داری سے نیٹ ورکنگ اور اشتراک کے نئے درواہوں گے جو متنوع آموزش اور تہذیبی لین دین کے لیے اراکوس کے کل ہندنیٹ ورک سے جوڑیں گے نیز طلبہ کی سربراہی والی پہل کو اراکوس پلیٹ فارم اور دیگر اتحادی پلیٹ فارمز پر رکھا جائے جس سے طلبہ کی صلاحیتوں کو نئی اڑان ملے گی اوران کی شناخت قائم ہوگی۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ آرکی ٹیکچر میں اراکوس کلب کے لانچ ہونے سے سماجی طور پر ذمہ دار ڈیزائن ایجوکیشن کے مرکز کی حیثیت سے ابھرنے کو استحکام ملے گا اور ایسی نسل کو پروان چڑھانے میں مددگار ہوگا جو ہمدردی، مقصد اور شہری ذمہ داری کے احساس کے ساتھ نقشے اور ڈیزائن تیار کرے گی۔اس مفاہمت نامے سے ایک انقلاب آفریں سفر کا راستہ ہموار ہوا ہے جہاں آرکی ٹیچرل تعلیم سماجی مقصد میں مدغم ہوگی اور بہتر مستقبل کی تعمیر کے لیے نئے معماروں کی تربیت ہوگی۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ